مانا جائے یا نہیں، اور بی بی عمرو کی ہندو کے ہمراہ میلہ رام لیلا کو جائے شریعت سے اس کا نکاح جائز رہا یا نہیں؟

الجواب

میلہ میں جانا تو حرام ہی ہے اگرچہ اس سے نکاح نہ کیا جائے اور کفار کے لئے جھوٹی گواہی دینی اور وہ بھی ایسی ناپاک بات میں، اور اس کے سبب مسجد کی توہین کرانی قریب بہ کفر ہے اگرچہ اس پر کفر مطلق کا حکم نہ بھی ہو، مگر جب وہ دیوبندیوں کا معتقد ہے تو اسی قدر اس کے کفر کے لئے کافی ہے، فتوائے علمائے حرمین شریفین میں دیوبندیوں کی نسبت ہے:

من شك فی کفرہ وعذابه فقد کفر[1] جو ان کے کافر ہونے اور ان کے عذاب کے بارے میں شک کرے وہ بھی کافر ہے۔

بہرحال عمرو کی عورت اس کے نکاح سے باہر ہے، اور اس سے میل جول حرام ہے، اور اسے برادری سے خارج کرنا فرض، مگر جب اسلام لائے اور اپنے کفر اور ان کبائر سے توبہ کرے، اور دیوبندیہ و دیگر وہابیہ و جملہ کفار کو کافر مانے اس وقت برادری میں شامل کیا جاسکتا ہے۔ واللہ تعالٰی اعلم

مسئلہ ۲۰۷: از شہر محلہ سوداگران مسئولہ احسان علی صاحب طالب علم ۱۸ صفر ۱۳۳۹ھ

کیا فرماتے ہیں علمائے دین اس مسئلہ میں کہ زید معاذاللہ یہ کہے کہ میں عیسائی یا وہابی یا کافر ہوجاؤں گا، نام ایک فرقہ کا لیا آیا وہ انھیں میں سے ہوگا یا نہیں؟ یا یہ کہے کہ جی چاہتا ہے کہ غیر مقلد ہوجاؤں یا یہ کہے کہ غیر مقلد ہونے کا جی چاہتا ہے، یہ قول کیسا ہے اگرچہ کسی کو چھیڑنے یا مذاق کی غرض سے کہے۔ بیّنوا توجروا۔

الجواب

جس نے جس فرقہ کا نام لیا اُس فرقہ کا ہوگیا مذاق سے کہے یا کسی دوسری وجہ سے۔ واللہ تعالٰی اعلم۔

مسئلہ ۲۰۸ تا ۲۱۲: از قصبہ تلہر ضلع شاہجہان پور محلہ ہندوپٹی مسئولہ ضیاء الدین صاحب ۱۸ صفر ۱۳۳۹ھ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم، نحمدہ ونصلی ونسلم علٰی رسولہ الکریم۔

کیا فرماتے ہیں علمائے کرام ومفتیانِ عظام ادام فیضھم المولی العلام ان مسائل میں، بیّنوا توجروا،

---

[1] درمختار باب المرتد مطبع مجتبائی دہلی ۱/۳۵۶

(۱) ایک صاحب مسمّٰی مولوی اشرف علی ساکن قصبۂ تلہر ضلع شاہجہانپور، دوسرے صاحب حکیم عبداللہ مقیم تلہر ہیں۔ حکیم صاحب کا بیان ہے کہ "یزید فاسق فاجر نہ تھا اس کو بُرا نہ کہا جائے اور سیدنا امام حسین رضی اللہ تعالٰی عنہ کو اس کے یہاں جانا نہ چاہئے تھا، کیوں گئے، اور یہ مُلکی جنگ تھی۔" دوسرے یہ کہ نمازِ فجر کے بعد مسلمانوں نے ان سے مصافحہ کرنا چاہا انھوں نے مصافحہ نہ کیا اور بدعت بتادیا، کیا حکیم صاحب کا یہ بیان سراسر غلط نہیں؟ کیا انھوں نے حضرت سیدالشہدا رضی اللہ تعالٰی عنہ کی شانِ ارفع واعلٰی میں گستاخی نہ کی؟ دادِ کذب بیانی نہ دی؟ کیا مصافحہ سے دست کشی وانکار اس امر کو ثابت نہیں کرتا کہ اس کی مراد بدعت سے بدعتِ سیئہ ہے اور ان کا یہ فعل وبابیانہ ہے؟

(۲) اول الذکر مولوی صاحب ایک زمانہ تک مدرسہ مولوی لیسین واقع بریلی محلہ سرائے خام کے مدرس رہ چکے ہیں، کیا ان کی وہابیت کو اسی قدر کافی نہیں کہ ایک بدمذہب کے مدرسہ میں ملازم رہ کر اس مدرسہ کے دستورالعمل درس تعلیم کی پابندی کرکے درس دیا چہ جائیکہ علم غیب حبیب خدا سیّدِ ہر دوسرا علیہ افضل التحیۃ والثنا میں وہابیہ خیال مغویانہ قیل وقال، جو کوئی شخص صحیح العقیدہ علم حضور سراپا نور کو روزِ اوّل سے قیامت تک کے تمام اشیاء ذرہ ذرہ کو کلیۃً وجزئیۃً محیط جانے اور ان کے واسطے ماکان ومایکون کا علم مانے اور قائل علم غیب حضور ہو وہ شخص ان مولوی صاحب کے نزدیک مضل وضال قابلِ عقاب ونکال، اکابر علمائے اہلسنت کثرہم اللہ تعالٰی کی شان میں جن کی مدح وستائش میں مفتیان علام وعلمائے ذوی الاحترام حرمین طیبین وروم وشام وغیرہم مبالغہ فرمائیں اور ان کو پیشوا وسردارِ علمائے اہلسنّت بتائیں، یہ صاحب بیہودہ الفاظ وناشائستہ کلمات زبان پر لائیں، ان صاحب کے تمام اوصاف میں باستثنائے مدرسی مدرسہ مذکورہ حکیم صاحب مذکور بھی شریک وہم خیال، یہ دونوں صاحب مولوی قاسم نانوتوی بانیِ مدرسہ دیوبند ومولوی رشید احمد گنگوہی ومولوی اشرف علی تھانوی کو اپنا پیشوا جانتے اور سرتاجِ اہلسنت مانتے ہیں، کیا دونوں صاحب کم سے کم بدعتی وبدمذہب نہیں؟، کیا ان کے ساتھ ان احادیث واقوال کے مطابق عمل نہ کیا جائے جو فتاوی الحرمین طبع بمبئی میں مذکور ہیں:

فی صحیح مسلم عن ابی ھریرۃ رضی اللہ تعالٰی عنہ عن النبی صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم ایاکم وایاھم لایضلونکم ولا یفتنونکم۔[1]

صحیح مسلم شریف میں حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالٰی عنہ سے ہے نبی صلے اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے فرمایا ان سے الگ رہو انھیں اپنے سے دُور رکھو کہیں وہ تمھیں بہکانہ دیں وہ تمھیں فتنے میں نہ ڈال دیں۔

[1] صحیح مسلم باب النہی عن الروایہ عن الضعفاء قدیمی کتب خانہ کراچی ۱/ ۱۰

ولابی داؤد عن ابن عمر رضی اللہ تعالٰی عنہما عن النبی صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم وان مرضوا فلا تعودوھم وان ماتوا فلا تشھدوھم[1]

ابوداؤد کی حدیث میں عبداللہ ابن عمر رضی اللہ تعالٰی عنہما سے ہے نبی صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے فرمایا وہ بیمار پڑیں تو پوچھنے نہ جاؤ، مرجائیں تو جنازے پر حاضر نہ ہو۔

زاد ابن ماجۃ عن جابر رضی اللہ تعالٰی عنہ عن النبی صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم وان لقیتموھم فلا تسلموا علیھم[2]

ابن ماجہ نے بروایت جابر رضی اللہ تعالٰی عنہ اس قدر اور بڑھایا: جب انھیں ملو تو سلام نہ کرو۔

وعند العقیلی عن انس رضی اللہ تعالٰی عنہ عن النبی صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم لاتجالسوھم ولاتشاربوھم ولاتواکلوھم ولاتناکحوھم[3]

عقیلی نے انس رضی اللہ تعالٰی عنہ سے روایت کی نبی صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے فرمایا ان کے پاس نہ بیٹھو، ساتھ پانی نہ پیو، ساتھ کھانا نہ کھاؤ، شادی بیاہ نہ کرو۔

زاد ابن حبان عنہ لاتصلوا علیھم ولاتصلوا معھم[4]

ابن حبان نے انھیں کی روایت سے زائد کیا ان کے جنازے کی نماز نہ پڑھو، ان کے ساتھ نماز نہ پڑھو۔

والدیلمی عن معاذ رضی اللہ تعالٰی عنہ عن النبی صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم انی بریٔ منھم وھم براء منی جھادھم کجھاد الترکیۃ والدیلم[5]

دیلمی نے معاذ رضی اللہ تعالٰی عنہ سے روایت کی نبی صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے فرمایا: میں ان سے بیزار ہوں وہ مجھ سے بے علاقہ ہیں ان پر جہاد ایسا ہے جیسا کافرانِ ترک و دیلم پر۔

---

[1] سنن ابی داؤد کتاب السنۃ باب فی القدر آفتاب عالم پریس لاہور ۲/ ۲۸۸
[2] سنن ابن ماجہ باب فی القدر ایچ ایم سعید کمپنی کراچی ص ۱۰
[3] الضعفاء الکبیر ترجمہ احمد بن عمران دارالکتب العلمیہ بیروت ۱/ ۱۲۶
[4] کنز العمال حدیث ۳۲۵۲۹ موسسۃ الرسالہ بیروت ۱۱/ ۵۴۰
میزان الاعتدال ترجمہ ۱۲۰۳ البشیر بن عبیداللہ القیصر دارالمعرفۃ بیروت ۱/ ۳۲۰
[5] فردوس الاخبار حدیث ۳۲۵۴ معاذ بن جبل دارالکتب العربی بیروت ۲/ ۴۴۹

و[۱]لابن عساکر عن انس رضی اللہ تعالٰی عنہ عن النبی صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم اذا رأیتم صاحب بدعۃ فاکفھروا فی وجھہ فان اللہ یبغض کل مبتدع ولا یجوز احد منھم علی الصراط لکن یتھافتون فی النار مثل الجراد والذباب[۱]۔

ابن عساکر انس رضی اللہ تعالٰی عنہ سے راوی نبی صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم فرماتے ہیں، جب کسی بدمذہب کو دیکھو تو اس کے روبرو اس سے ترش روئی کرو اس لئے کہ اللہ تعالٰی ہر بدمذہب کو دشمن رکھتا ہے ان میں کوئی پل صراط پر گزر نہ پائے گا بلکہ ٹکڑے ٹکڑے ہو کر آگ میں گر پڑیں گے جیسے ٹِڈی اور مکھیاں گرتی ہیں۔

و[۲]للطبرانی وغیرہ عن عبداللہ بن بشیر رضی اللہ تعالٰی عنہ عن النبی صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم من وقر صاحب بدعۃ فقد اعان علی ھدم الاسلام[۲]۔

(طبرانی وغیرہ عبداللہ بن بشیر رضی اللہ تعالٰی عنہ سے راوی نبی کریم صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے فرمایا۔ ت) جو کسی بدمذہب کی توقیر کرے اس نے اسلام کے ڈھانے میں مدد دی۔

و[۳]لہ فی الکبیر ولابی نعیم فی الحلیۃ عن معاذ رضی اللہ تعالٰی عنہ عن النبی صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم من مشی الی صاحب بدعۃ لیوقرہ فقد اعان علی ھدم الاسلام[۳] وغیرہ من الاحادیث۔

نیز طبرانی معجم کبیر اور ابونعیم نے حلیہ میں معاذ رضی اللہ تعالٰی عنہ سے روایت کی کہ رسول اللہ صلے اللہ تعالٰی علیہ وسلم فرماتے ہیں جو کسی بدمذہب کی طرف اس کی توقیر کرنے کو چلے اس نے اسلام کے ڈھانے میں اعانت کی۔ اور اس کے سوا اور حدیثیں ہیں۔

قال[۴] العلماء فی کتب العقائد کشرح المقاصد وغیرہ ان حکم المبتدع البغض والاھانۃ والرد والطرد[۴]۔

علماء کتب عقائد مثل شرح مقاصد وغیرہ میں فرماتے ہیں کہ بدمذہب کا حکم اس سے بغض رکھنا اسے ذلت دینا اس کا رَد کرنا اسے دور ہانکنا ہے۔

---

[۱] تذکرۃ الموضوعات للفتنی باب افتراق الامۃ علی ثلاث وسبعین فرقۃ کتب خانہ مجیدیہ ملتان ص ۱۵

[۲] المعجم الاوسط مروی حضرت عائشہ رضی اللہ تعالٰی عنہا حدیث ۶۷۶۸ مکتبۃ المعارف الریاض ۷/۳۹۶
حلیۃ الاولیاء ترجمہ ۳۱۷ حضرت خالد بن معدان دار الکتاب العربی بیروت ۵/۲۱۸

[۳] المعجم الکبیر از معاذ بن جبل رضی اللہ تعالٰی عنہ حدیث ۱۸۸ المکتبۃ الفیصلیہ بیروت ۲۰/۹۶
حلیۃ الاولیاء ترجمہ ۳۶ - ۳۳۵ دار العربی بیروت ۶/۹۷

[۴] شرح المقاصد الفصل الرابع فی الامامۃ دار المعارف النعمانیہ لاہور ۲/۲۷۰

وفی غنیۃ الطالبین[1] قال فضیل بن عیاض من احب صاحب بدعۃ احبط اللہ عملہ واخرج نور الایمان من قلبہ، واذا علم اللہ عزوجل من رجل انہ مبغض صاحب بدعۃ رجوت اللہ تعالٰی ان یغفر ذنوبہ وان قل عملہ واذا رأیت مبتدعا فی طریق فخذ طریقاً اٰخر[1] اھ۔

غنیۃ الطالبین شریف میں ہے فضیل بن عیاض نے فرمایا جو کسی بدمذہب سے محبت رکھے اس کے عمل حبط ہوجائیں گے اور ایمان کا نور اس کے دل سے نکل جائے گا اور جب اللہ تعالٰی اپنے کسی بندے کو جانے کہ وہ بدمذہب سے بغض رکھتا ہے تو مجھے امید ہے کہ مولٰی سبحانہٗ وتعالٰی اس کے گناہ بخش دے اگرچہ اس کے عمل تھوڑے ہوں اور جب کسی بدمذہب کو راہ میں آتا دیکھو تو تم دوسری راہ لو، انتہی بقدر الضرورۃ۔

(۳) جب شرع مطہر نے ایسے لوگوں سے اس درجہ نفرت دلائی اور اس قدر برائی بیان فرمائی تو کیا مسلمانوں کا فرض مذہبی نہیں کہ ان کو مسجد میں آنے سے روکیں، ان سے ہر قسم کا قطع تعلق کرلیں، علی الخصوص وہ شخص جس کے ہاتھ میں مسلمانوں کا کام ہو اور مسلمان اس کو مانتے ہوں اور عزت و وقار کی نظر سے دیکھتے ہوں خواہ بباعث علم یا بجہت پیری مریدی یا بخیال تونگری وغیرہ اس پر سخت ضروری کہ ان کو خود دخول مسجد سے حتی الوسع روکے اور ان کے ساتھ میل جول سے مسلمانوں کو باز رکھے، جو شخص ان مولوی صاحب وحکیم صاحب کے خیالاتِ باطلہ وحالاتِ فاسدہ پر مطلع ہوکر ان دونوں کو امام بنائے اور ان کے پیچھے نماز پڑھے اور کہے یہ مولویوں کے جھگڑے ہیں ہمیں ان سے کیا سروکار آخر یہ دونوں عالم تو ہیں، کیا وہ شخص زیاں کار اور انھیں مفسدین فی الدین سے نہیں اور وہ نماز اس کی باطل ومردود نہیں؟ حالانکہ جن تین علمائے مذکورین کو یہ دونوں صاحب پیشوا جانتے ہیں ان کے بارے میں مفتیانِ علمائے مکہ مکرمہ ومدینہ منورہ نے یہ حکم دیا جیسا کہ فتاوی حسام الحرمین میں مذکور ہے:

ان ھٰؤلاء الفرق الواقعین فی السؤال غلام احمد القادیانی ورشید احمد ومن تبعہ کخلیل الانبھتی واشرف علی وغیرھم لاشبھۃ فی کفرھم بلا مجال بل لاشبھۃ فی من شك بل فی

بیشک یہ طائفے جن کا تذکرہ سوال میں واقع ہے غلام احمد قادیانی اور رشید احمد اور جو اس کے پیرو ہوں جیسے خلیل احمد انبیٹھی اور اشرف علی وغیرہ ان کے کفر میں کوئی شبہہ نہیں اور نہ شک کی مجال، بلکہ جو ان کے کفر میں شک کرے بلکہ

---

[1] غنیۃ الطالبین فصل فی اعتقاد اہل السنۃ ان امۃ محمد صلی اللہ علیہ وسلم الخ مصطفی البابی مصر ۱/ ۸۰

من توقف فی کفرھم بحال من الاحوال[1]

کسی طرح کسی حال میں انھیں کافر کہنے میں توقف کرے اس کے کفر میں بھی شبہ نہیں۔

اسی میں ہے :

اظہر فضائحھم القبیحۃ فی المعتمد المستند فلو بقی من نتائجھم الفاسدۃ بکل واضحۃ دامغۃ جلیۃ لاسیما المتصدی لحل رایۃ ھذہ الفرقۃ المارقۃ التی تدعی بالوھابیۃ ومنھم مدعی النبوۃ غلام احمد القادیانی والمارق الاخر المنقص لشان الالوھیۃ والرسالۃ قاسم النانوتوی ورشید احمد الکنکوھی وخلیل احمد الانبھتی واشرف علی التانوی ومن حذا حذوھم[2] انتھی بقدر الضرورۃ۔

مصنف نے اپنی کتاب معتمد المستند میں اس گروہ کی بری رُسوائیاں ظاہر کیں پس ان کے فاسد عقیدوں سے ایک بھی بغیر لوچ لچر کئے نہ چھوڑا تو اے مخاطب تجھ پر لازم ہے کہ اسی روشن رسالہ کا دامن پکڑے جسے مصنف نے بزودی لکھ دیا تو ان گروہوں کے رد میں ہر ظاہر و روشن و سرکوب دلیل پائے گا خصوصاً جو اس گروہ خارج از دین کے باندھے ہوئے نشان کھول دینے کا قصد کرے، وہ گروہ خارج از دین کرنے ہے جسے وہابیہ کہا جاتا ہے اور ان میں مدعی نبوت غلام احمد قادیانی ہے اور دین سے دوسرا نکلنے والا شانِ الوہیت و رسالت گھٹانے والا قاسم نانوتوی اور رشید احمد گنگوہی اور خلیل احمد انبیٹھی اور اشرف علی تھانوی اور جو ان کی چال چلا، انتہی بقدر الضرورۃ۔

اسی میں ہے :

وبالجملۃ ھؤلاء الطوائف کلھم کفار مرتدون خارجون عن الاسلام باجماع المسلمین وقد قال فی البزازیۃ والدرر والغرر والفتاوی الخیریۃ ومجمع الانھر والدر المختار وغیرھا من معتمدات الاسفار فی مثل ھؤلاء الکفار من شک فی کفرہ وعذابہ فقد کفر اھ وقال فی الشفاء الشریف ونکفر من لم یکفر من دان بغیر ملۃ الاسلام من الملل او وقف فیھم شک اھ، وقال فی بحر الرائق وغیرہ من حسن کلام اھل الاھواء او قال معنوی او کلام لہ معنی صحیح ان کان ذلک کفرا من القائل کفر المحسن اھ وقال الامام ابن حجر

---

[1] حسام الحرمین تقریظ اسمٰعیل بن خلیل مکتبہ نبویہ لاہور ص ۴۹

[2] " " " تقریظ مفتی تاج الدین الیاس " " " ص ۱۰۷

فی الاعلام فی فصل الکفر المتفق علیه بین ائمتنا الاعلام من تلفظ بلفظ الکفر یکفر وکل
من استحسنه اورضی به یکفر[1] اھ۔

خلاصۂ کلام یہ ہے کہ یہ طائفے سب کے سب (اسماعیلیہ، نذیریہ، امیریہ، قاسمیہ، مرزائیہ،
رشیدیہ، اشرفیہ) مرتد ہیں، باجماع امت اسلام سے خارج ہیں اور بیشک بزازیہ اور درر وغرر اور
فتاوٰی خیریہ اور مجمع الانہر اور درمختار وغیرہا معتمد کتابوں میں ایسے کافروں کے حق میں فرمایا کہ جو ان کے
کفر وعذاب میں شک کرے خود کافر ہے۔ اور شفا شریف میں فرمایا ہم اسے کافر کہتے ہیں جو ایسے کو
کافر نہ کہے جس نے ملت اسلام کے سوا کسی ملت کا اعتقاد کیا یا ان کے بارے میں توقف کرے یا شک
لائے، اور بحرالرائق وغیرہ میں فرمایا جو بددینوں کی بات کی تحسین کرے یا کہے کچھ معنی رکھتی ہے یا اس کلام
کے کوئی صحیح معنی ہیں اگر اس کہنے والے کی وہ بات کفر تھی تو یہ جو اس کی تحسین کرتا ہے یہ بھی کافر ہوجائے گا'
اور امام ابن حجر نے کتاب الاعلام کی اس فصل میں جس میں وہ باتیں گنائی ہیں جن کے کفر ہونے پر ہمارے
ائمۂ اعلام کا اتفاق ہے فرمایا جو کفر کی بات کہے وہ کافر ہے اور جو اس بات کو اچھا بتائے یا اس پر راضی ہو
وہ بھی کافر ہے انتہی۔

تو موافق ارشاد علمائے مکہ ومدینہ ومطابق حکم معتمد المستند نذیر حسین دہلوی وامیر احمد سہسوانی و
قاسم نانوتوی ومرزا غلام احمد قادیانی و رشید احمد گنگوہی واشرف علی تھانوی اور ان سب کے مقلدین
و متبعین و پیروان ومدح خواں باتفاق علمائے اعلام کافر ہوئے اور جو ان کو کافر نہ جانے ان کے
کفر میں شک کرے وہ بھی بلاشبہہ کافر ہے چہ جائیکہ پیشوا اور سردار جانیں والعیاذ باللہ الکریم ۔ وھو
یھدی من یشاء الٰی صراط مستقیم[2] (وہ جسے چاہتا ہے سیدھی راہ چلاتا ہے۔ ت) ہم کو چونکہ اختصار
منظور تھا لہذا ان گمراہوں گمراہ گروں کافروں کے وہ اقوال ملعونہ ومردودہ جن پر حکم فسق وکفر لگایا گیا بالکل
نقل نہیں کئے اور ان اقوال پر علمائے حرمین نے جس قدر احکام لگائے ہیں ان میں صرف دس پانچ تحریر ہوئے
جو صاحب ان فرق باطلہ کے اقوال عقوبت مآل اور ان احکام علمائے اہل کمال پر اطلاع چاہیں وہ
فتاوی الحرمین وحسام الحرمین مطالعہ فرمائیں۔

(۴) ایسے نازک وقت میں کہ ہر چہار طرف سے دین حق پر حملے ہو رہے ہیں اور بیخ کنان سنت یکبارگی

---

[1] حسام الحرمین کتاب المعتمد المستند مکتبہ نبویہ لاہور ص ۳۱
[2] القرآن الکریم ۲/ ۱۴۲ و ۲۱۳ و ۱۰/ ۲۵

ٹوٹ پڑے ہیں، کیا علمائے اہلسنّت پر واجب نہیں کہ اپنے علم کو ظاہر کریں اور میدان میں آکر تحریراً و تقریراً احیائے سنّت و اماتتِ بدعت ونصرتِ ملّت فرمائیں اگر ایسا نہ کریں سکوت وخاموشی سے کام لیں تو کیا اس حدیث شریف کے مورد نہ ہوں گے جو فتاوی الحرمین میں مذکور ہے۔

قال الامام ابن حجر المکی فی الصواعق المحرقۃ ان الحامل الداعی لی علی التالیف فی ذٰلك وان کنت قاصرا عن حقائق ماھنالك ما اخرجه الخطیب البغدادی فی الجامع وغیرہ انه صلی اللّٰہ تعالٰی علیه وسلم قال اذا ظهرت الفتن اوقال البدع وسب اصحابی فلیظهر العالم علمه فمن لم یفعل ذٰلك فعلیه لعنۃ اللّٰہ والملٰئکۃ والناس اجمعین لایقبل اللّٰہ منه صرفا ولاعدلا[1]

امام ابن حجر مکّی صواعق محرقہ میں فرماتے ہیں واضح ہو کہ اس تالیف پر میرے لئے باعث وسبب اگرچہ میرا ہاتھ یہاں کے حقائق سے کوتاہ ہے وہ حدیث ہوئی جو خطیب بغدادی نے جامع میں اور ان کے سوا اور محدثین نے روایت کی کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم نے فرمایا جب فتنے یا فرمایا بدمذہبیاں ظاہر ہوں اور میرے صحابہ کو بُرا کہا جائے تو واجب ہے کہ عالم اپنا علم ظاہر کرے جو ایسا نہ کرے گا اس پر اللہ اور فرشتوں اور آدمیوں سب کی لعنت ہے اللہ تعالٰی نہ اس کا فرض قبول فرمائے نہ نفل۔

(۵) جو شخص مسجد میں آکر اپنی زبان سے لوگوں کو ایذا دیتا ہو اس شخص کو مسجد سے نکالنے کا حکم ہے، اس کے نکالنے کے بارے میں درمختار کا یہ قول نص صریح ہے یا نہیں؛

واکل نحو ثوم ویمنع منه وکذا کل موذ ولو بلسانه[2]

یعنی مسجد میں داخل ہونے سے بدبودار چیزوں مثل کچا لہسن کھانے والے کو منع کیا جائے اور اسی طرح ہر ایذا دینے والا اگرچہ زبان سے دیتا ہو دخولِ مسجد سے روکا جائے۔

ردالمحتار میں تحت قول واکل نحو ثوم فرمایا؛

ای کبصل ونحوہ مماله رائحۃ کریھۃ للحدیث الصحیح فی النھی عن قربان اکل الثوم والبصل المسجد، قال

یعنی جیسے پیاز وغیرہ ان چیزوں سے جن میں بدبو ہو یہ حکم موافق حدیث صحیح ہے جو کچا لہسن اور پیاز کھانے والے کی ممانعت دخول مسجد میں ہے،

---

[1] فتاوی الحرمین — جواب سوال تاسع — مکتبہ حامدیہ لاہور — ص ۱۷

[2] درمختار — باب مایفسد الصلوٰۃ ویکرہ — مطبع مجتبائی دہلی — ۱/ ۹۵

الامام العینی فی شرحہ علی صحیح البخاری قلت علۃ النھی اذی الملٰئکۃ واذی المسلمین[1]۔

امام عینی نے اپنی شرح میں جو صحیح بخاری پر لکھی ہے فرمایا کہ میں کہتا ہوں دخولِ مسجد سے ممانعت کا سبب ایذائے ملائکہ و ایذائے مسلمانان ہے۔

والحمد للّٰہ رب العٰلمین وافضل الصلوات واکمل التسلیمات علی اشرف الانبیاء والمرسلین وعلی صحبہ واٰلہ ومن تبعھم اجمعین۔

الجواب

الحمد للّٰہ وحدہ والصلٰوۃ والسلام علی من لانبی بعدہ واٰلہ وصحبہ المکرمین عندہ وسائر المسلمین المتبعین سعدہ۔

سب تعریف اللہ تعالٰی کے لئے جو اکیلا ہے، صلوٰۃ وسلام اس ذات پر جس کے بعد نبی نہیں اور اس کے آل و اصحاب پر جو اس کے ہاں عزت والے ہیں اور باقی تمام مسلمانوں پر جو اس کی سعادت کے پیروکار ہیں (ت)

فاضل سائل بلکہ مجیب سلمہ القریب المجیب کا یہ سوال خود ہی جواب وحق صواب ہے فماذا بعد الحق الاالضلال[2] (حق کے بعد گمراہی ہوتی ہے۔ ت) ہمیں زید وعمرو کی شخصیت سے کام نہیں احکام شرعیہ عام ہوتے ہیں جس سے یہ امر صادر ہو اس کا یہ حکم ہے، کسے باشد خاک بودیا شے باشد (خواہ کوئی ہو مٹی ہو یا تنکہ۔ ت) اسی عموم کے طور پر ہم کلام کریں گے، اگر فلاں وفلاں اس کے مصداق تو ضرور وہی ان احکام کے استحقاق ہیں ورنہ جس پر صادق ومستحق ولائق،

واللّٰہ یقول الحق وھو یھدی السبیل[3]، وحسبنا اللّٰہ ونعم الوکیل[4]۔

اور اللہ حق فرماتا ہے اور وہی راہ دکھاتا ہے، اور اللہ ہم کو بس ہے اور کیا اچھا کارساز۔

(۱) یزید پلید علیہ ما یستحقہ من العزیز المجید قطعاً یقیناً باجماع اہلسنت فاسق وفاجر وجری علی الکبائر تھا اس قدر پر ائمہ اہل سنت کا اطباق واتفاق ہے، صرف اس کی تکفیر ولعن میں اختلاف فرمایا۔ امام احمد بن حنبل رضی اللہ تعالٰی عنہ اور ان کے اتباع وموافقین اسے کافر کہتے اور بہ تخصیص نام اس پر لعن کرتے ہیں اور اس آیہ کریمہ سے اس پر سند لاتے ہیں :

---

[1] ردالمحتار باب ما یفسد الصلوٰۃ ویکرہ دار احیاء التراث العربی بیروت ۱/۴۴۴
[2] القرآن الکریم ۱۰/۳۲
[3] القرآن الکریم ۳۳/۴
[4] 〃 ۳/۱۷۳

فهل عسیتم ان تولیتم ان تفسدوا فی الارض وتقطعوا ارحامکم اولئك الذین لعنهم الله فاصمهم واعمی ابصارهم[1]

کیا قریب ہے کہ اگر والیِ ملک ہو تو زمین میں فساد کرو اور اپنے نسبی رشتہ کاٹ دو، یہ ہیں وُہ لوگ جن پر اللہ نے لعنت فرمائی تو انھیں بہرا کر دیا اور اُن کی آنکھیں پھوڑ دیں۔

شک نہیں کہ یزید نے والیِ ملک ہو کر زمین میں فساد پھیلایا، حرمین طیبین و خود کعبہ معظمہ و روضہ طیبہ کی سخت بے حُرمتیاں کیں، مسجدِ کریم میں گھوڑے باندھے، ان کی لید اور پیشاب منبرِ اطہر پر پڑے، تین دن مسجدِ نبی صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم بے اذان و نماز رہی، مکہ و مدینہ و حجاز میں ہزاروں صحابہ و تابعین بے گناہ شہید کئے، کعبہ معظمہ پر پتھر پھینکے، غلاف شریف پھاڑا اور جلایا، مدینہ طیبہ کی پاکدامن پارسائیں تین شبانہ روز اپنے خبیث لشکر پر حلال کر دیں۔ رسول اللہ صلے اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کے جگر پارے کو تین دن بے آب و دانہ رکھ کر مع ہمراہیوں کے تیغِ ظلم سے پیاسا ذبح کیا، مصطفےٰ صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے گود کے پالے ہُوئے تنِ نازنین پر بعد شہادت گھوڑے دوڑائے گئے کہ تمام استخوان مبارک چُور ہو گئے، سرِ انور کہ محمد صلے اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کا بوسہ گاہ تھا کاٹ کر نیزہ پر چڑھایا اور منزلوں پھرایا، حرم محترم مخدراتِ مشکوئے رسالت قید کئے گئے اور بے حرمتی کے ساتھ اس خبیث کے دربار میں لائے گئے، اس سے بڑھ کر قطع رحم اور زمین میں فساد کیا ہو گا، ملعون ہے وُہ جو ان ملعون حرکات کو فسق و فجور نہ جانے، قرآن عظیم میں صراحۃً اس پر لعنهم الله[2] (ان پر اللہ کی لعنت ہے۔ ت) فرمایا، لہٰذا امام احمد اور ان کے موافقین ان پر لعنت فرماتے ہیں اور ہمارے امام اعظم رضی اللہ تعالےٰ عنہ نے لعن و تکفیر سے احتیاطاً سکوت فرمایا کہ اس سے فسق و فجور متواتر ہیں کفر متواتر نہیں اور بحالِ احتمال نسبتِ کبیرہ بھی جائز نہیں نہ کہ تکفیر، اور امثال وعیدات مشروط بعدم توبہ ہیں لقولہ تعالیٰ،
فسوف یلقون غیا الا من تاب[3] (تو عنقریب دوزخ میں غی کا جنگل پائیں گے مگر جو تائب ہوئے۔ ت)
اور توبہ تادمِ غرغرہ مقبول ہے اور اس کے عدم پر جزم نہیں اور یہی احوط و اسلم ہے، مگر اس کے فسق و فجور سے انکار کرنا اور امام مظلوم پر الزام رکھنا ضروریاتِ مذہبِ اہلِ سنّت کے خلاف ہے اور ضلالت و بدمذہبی صاف ہے، بلکہ انصافاً یہ اس قلب سے متصور نہیں جس میں محبتِ سیّدِ عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا شمّہ ہو،

---

[1] القرآن الکریم ۴۷/۲۲-۲۳
[2] " ۳۳/۵۷
[3] " ۱۹/۵۹

وسیعلم الذین ظلموا ای منقلب ینقلبون[1] (اب جانا چاہتے ہیں ظالم کہ کس کروٹ پر پلٹا کھائیں گے)
شک نہیں کہ اس کا قائل ناصبی مردود اور اہلسنّت کا عدو وعنود ہے، ایسے گمراہ بددین سے مسئلہ مصافحہ کی شکایت بے سُود ہے، اس کی غایت اسی قدر کہ اس نے قول صحیح کا خلاف کیا اور بلا وجہ شرعی دست کشی کرکے ایک مسلمان کا دل دکھایا مگر وُہ تو ان کلماتِ ملعونہ سے حضرت بتول زہرا وعلی مرتضٰی اور خود حضور سید الانبیاء علیہ وعلیہم افضل الصلوٰۃ والسلام کا دل دکھا چکا ہے، اللہ واحد قہار کو ایذا دے چکا ہے،

والذین یؤذون رسول اللّٰہ لھم عذاب الیم[2] ان الذین یؤذون اللّٰہ ورسولہ لعنھم اللّٰہ فی الدنیا والاٰخرۃ واعد لھم عذابا مھینا[3]

اور جو رسول اللہ کو ایذا دیتے ہیں ان کیلئے دردناک عذاب ہے۔ بیشک جو ایذا دیتے ہیں اللہ اور اس کے رسول کو ان پر اللہ کی لعنت ہے دُنیا اور آخرت میں اور اللہ نے ان کے لئے ذلت کا عذاب تیار کر رکھا ہے۔

(۲) سوال نے یہاں بھی قطعیات کے ساتھ قرائن کو ضم کیا، قطعی کے ہوتے قرینی باطنی کی کیا بحث، کسی مدرسہ محلہ سرائے خام کی نوکری یا علم ما کان وما یکون یا غیوب خمسہ میں کلام یا علماء اہل سنت کو سب ودشنام تفاصیل رکھتے ہیں جن کی اصلاً حاجت نہیں، جب علمائے حرمین طیبین زادہما اللہ شرفا وتکریما نانوتوی وگنگوہی وتھانوی کی نسبت نام بنام تصریح فرما چکے ہیں کہ یہ سب کفار مرتدین ہیں اور یہ کہ من شك فی کفرہ وعذابہ فقد کفر[4] جو ان کے کفر میں شک کرے وُہ بھی کافر، نہ کہ ان کو پیشوا و سرتاج اہلسنت جاننا بلاشبہہ جو ایسا جانے ہرگز ہرگز صرف بدعتی وبدمذہب نہیں قطعاً کافر ومرتد ہے اور ان تمام احادیث کا کہ سوال میں فتاوی الحرمین سے منقول ہوئیں مورد ہے بلاشبہہ اس سے دُور بھاگنا اور اسے اپنے سے دُور کرنا اس سے بغض، اس کی اہانت، اس کا رد فرض ہے اور توقیر حرام و ہدم اسلام، اسے سلام کرنا اس کے پاس بیٹھنا حرام اس کے ساتھ کھانا پینا حرام، اس کے ساتھ شادی بیاہ بہت حرام اور قربت زنائے خالص، اور بیمار پڑے تو اسے پُوچھنے جانا حرام، مرجائے تو اس کے جنازے میں شرکت حرام اسے مسلمانوں کا سا غسل وکفن دینا حرام، اس پر نماز جنازہ پڑھنا حرام بلکہ کفر، اس کا جنازہ اپنے

---

[1] القرآن الکریم ۲۶/ ۲۲۷ [2] القرآن الکریم ۹/ ۶۱
[3] القرآن الکریم ۳۳/ ۵۷
[4] درمختار باب المرتد مطبع مجتبائی دہلی ۱/ ۳۵۶

کندھوں پر اٹھانا، اس کے جنازے کی مشایعت حرام، اسے مسلمانوں کے مقابر میں دفن کرنا حرام، اس کی قبر پر کھڑا ہونا حرام، اس کے لئے دعائے مغفرت یا ایصالِ ثواب حرام بلکہ کفر، والعیاذ باللہ رب العٰلمین۔

(۳) جواب سابق میں واضح ہوچکا کہ ان سے ہر قسم کا قطع تعلق فرض ہے اور جب وہ تمام علمائے حرمین شریفین کے متفق علیہ فتوے سے کافر و مرتد ہیں تو مسجد میں ان کا کیا حق، حدیث ابن حبان مذکور فتاوی الحرمین میں ہے، لاتصلوا معھم[1] ان کے ساتھ نماز نہ پڑھو، ان کے پیچھے تو نماز باطل محض ہی ہے صف میں اُن کا کھڑا ہونا بھی جائز نہیں کہ ان کی نماز نماز ہی نہیں، تو عین نماز میں بالکل خارج از نماز ہیں تو ان کے کھڑے ہونے سے صف قطع کہ غیر نمازی حائل، اور صف قطع کرنا حرام ہے، نبی صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں، من قطع صفا قطعه اللّٰہ[2] جو صف قطع کرے اللہ اسے کاٹ دے۔ تو جو مسلمانوں میں سربرآوردہ ہو جو ان کے منع پر بلا فتنہ وفساد قدرت رکھتا ہو اس پر فرض ہے کہ انھیں مسجد میں آنے سے روکے اور مسلمانوں کی نماز کو خراب ہونے سے بچائے، مسلمانوں کو نرمی و تفہیم اور جو نہ مانے اسے ہر جائز سختی و تشدّد کے ساتھ ان کے میل جول سے باز رکھے کہ یہ نہی عن المنکر ہے اور نہی عن المنکر تا قدر قدرت فرض قطعی ہے اور جو نہ کرے وہ اسی مجرم کا اس کے عذاب میں ساتھی، اصحاب سبت پر جب عذاب الٰہی نازل ہوا کہ قلنا لھم کونوا قردۃ خاسئین[3] ہم نے ان سے فرمایا ہوجاؤ بندر دھتکارے ہوئے۔ جو انھیں منع نہ کرتے تھے وہ بھی ان کے ساتھ بندر کر دیے گئے منع کرنے والوں نے نجات پائی جو ان کے خیالات وحالات پر مطلع ہو کر انھیں عالم جانے یا قابلِ امامت مانے ان کے پیچھے نماز پڑھے وہ بھی انھیں کی طرح کافر و مرتد ہے کہ من شك فی کفرہ وعذابه فقد کفر[4] (جو ان کے کفر و عذاب میں شک کرے خود کافر ہے۔ ت) اس کے لئے حسام الحرمین کی وہ عبارتیں کہ سوال سوم میں مذکور ہوئیں کافی ہیں یونہی جو ان احکام ضروریات اسلام کو کہے یہ مولوی کے جھگڑے ہیں وہ بھی کافر ہے۔ محیط و عالمگیریہ میں ہے،

رجل قال آنہا کہ علم آموزند داستانہا است کہ می آموزند او قال بادست آنچہ می گویند	کوئی آدمی کہتا ہے یہ علم سیکھنے والے کہانیاں سیکھ رہے ہیں یا کہتا ہے جو کہتے ہیں یہ تمام جھوٹ ہے

[1] فتاوی الحرمین جواب سوال عاشر مکتبہ حامدیہ لاہور ص ۱۹
[2] سنن ابوداؤد کتاب الصلوٰۃ باب تسویۃ الصفوف آفتاب عالم پریس لاہور ۱/ ۹۷
[3] القرآن الکریم ۲/ ۶۵
[4] درمختار باب المرتد مطبع مجتبائی دہلی ۱/ ۳۵۶

او قال تزویرست او قال من علم حیلہ را منکرم ھذا کلہ کفر[1] یا کہتا ہے میں علم حیلہ کا منکر ہوں، یہ تمام کفر ہے۔ (ت)

(۴ و ۵) بلاشبہہ علمائے اہل سنت پر اعانت سنت و اہانت بدعت تحریراً و تقریراً بقدر قدرت فرض اہم و اعظم ہے اور ہر موذی کو مسجد سے نکالنا بشرط استطاعت واجب اگرچہ صرف زبان سے ایذا دیتا ہو خصوصاً وہ جس کی ایذا مسلمانوں میں بدمذہبی پھیلانا اور اضلال و اغوا ہو ان کی سند میں وہی احادیث و روایات کہ سائل فاضل نے ذکر کیں کافی ہیں، واللہ تعالٰی اعلم

مسئلہ ۲۱۳ تا ۲۱۷ از اسٹیشن بھوجی پورہ آر۔ کے۔ آر۔ مسئولہ محمد صدیق دکاندار سگریٹ و بساط خانہ ۲۸ صفر ۱۳۳۹ھ

کیا فرماتے ہیں علمائے دین اس مسئلہ کہ ایک شخص امامت کرتا ہے اور پڑھا لکھا بھی ہے، لڑکوں کو پڑھاتا بھی ہے کچھ مسئلہ مسائل بھی جانتا ہے، اپنے آپ کو اہل سنت وجماعت کہتا ہے، بریلی میں جو جلسہ ۱۷ اکتوبر ۱۹۲۰ء کو خلافت اسلامیہ کے نام سے ہوا جس میں شوکت و محمد علی و مولانا ابوالکلام آزاد و مسٹر گاندھی وغیرہ نے تقریریں کیں اس جلسہ میں وہ شریک ہوا اس جلسہ کی وہ بہت تعریف کرتا ہے اور کہتا ہے کہ،

(۱) اس جلسہ میں بہت اچھا بیان ہوا اس جلسہ میں علماء تھے اس میں مکہ شریف مدینہ شریف اور عرب شریف سے ترکوں کی خلافت چلے جانے اور چھن جانے کے حالات بیان ہوئے اور یہ بھی بیان ہوا کہ ہندوؤں کی دوستی کرنا قرآن پاک سے ثابت ہے اور ان کے بیانات کا جلسہ کے لوگوں پر بہت اثر ہوا اکثر روتے تھے ساری خلقت ہزاروں آدمیوں کا جماؤ تھا، ہندو بھی شریک تھے اور مسلمانوں کا ساتھ دے رہے تھے، سب ایک کے ساتھ کارروائی ہو رہی تھی اور یہ بھی کہتا تھا کہ

(۲) انگریزوں سے دوستی اور ان کی نوکری اور ان کے اسکولوں میں پڑھنے کی اور اسلامی مدرسے کھولنے کی منادی ہوگئی، یہ بھی کہتا ہے کہ

(۳) بریلی کے اعلٰحضرت نے فتوٰی دیا ہے کہ ترکوں کی خلافت صحیح نہیں ہے، اور یہ بھی کہتا ہے کہ اعلٰحضرت نے فتوٰی دیا ہے کہ

(۴) جو کوئی جلوس و جلسۂ خلافت میں جائے گا اس کی بیوی نکاح سے باہر ہوجائے گی وہ کافر ہوجائے گا، جب دیوبند کی بابت سوال کیا گیا تو کہتا ہے کہ

(۵) میں نہ اس کا مرید ہوں اور نہ بُرا کہتا ہوں دیوبند کے مدرسہ کی تعریف کرتا ہے، بہشتی زیور

---

[1] فتاوٰی ہندیہ باب المرتد نورانی کتب خانہ پشاور ۲/ ۲۷۰